**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 16.02.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | غیر متوازن ترقی بلوچستان ہی نہیں پورے ملک کا مسئلہ تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے نہیں دینگے، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے اقدامات ناگزیر ہیں، جام کمال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | مرحلہ وار 10 ہزار اساتذہ اور تعلیمی افسروں کو تربیت دی جائے گی، وزیر تعلیم۔ | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | دہشتگرد انسانیت کے دشمن ان کا کوئی قوم اور مذہب نہیں ہوتا، کوہیار ڈومکی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانے والے معافی کے مستحق نہیں، سلیم کھوسہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | دہشت گرد ہرگز کسی رعایت کے مستحق نہیں صوبائی وزیر لائیو اسٹاک۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | صوبائی حکومت کسی بھی صورت دہشتگردی قبول نہیں کریگی، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | کوئٹہ شہر سے 2300 ٹن کچرا اٹھایا گیا حمزہ شفقات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بار کے حقوق کا تحفظ نہ کرنے سے عدلیہ کمزور ہوگی، جسٹس ہاشم کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کوئٹہ اور سبی میں 15 سے زائد مراکز جرمانہ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | دکی میں کوئلے کا کاروبار محفوظ بنانے کیلئے سخت اقدامات کررہے ہیں، جرگہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پاکستان سے تجارتی حجم بڑھانے چاہتے ہیں، ایرانی کونصل جنرل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | سیف اللہ کھیتران ڈی جی گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی تعینات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | دہشتگردی وسائل لوٹنے کا بہانہ پشتون دشمن منصوبوں کے خلاف آواز اٹھاتے رہیں گے، پشتون سیاسی جماعتیں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | لائبریری بندش کی گھناؤنی سازشیں بند کی جائیں، بی این پی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | پیپلز پارٹی اراکین صوبائی اسمبلی کا وزیر اعلیٰ بلوچستان پر مکمل اعتماد کا اظہار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

نوشکی سناتن مندر سے رقم چرانے اور کتابوں کی بے حرمتی کا ملزم حوالہ پولیس، شاہرگ بم دھماکہ کا ایک اور زخمی چل بسا تعداد 12 ہوگئی، کچلاک لاکھوں روپے زیورات اور موبائل فون چھین لیا گیا، بیلہ اوتھل کی جامع مسجد کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، کچلاک میں انوکھی واردات ملزمان ڈی ایچ اے کی فائلز لے اڑے۔ مستونگ نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص جان بحق۔

## عوامی مسائل:

مستونگ لاپتہ نوجوان کے اہل خانہ کا قومی شاہراہ پر دھرنا مسافروں کو مشکلات، صوبائی دارالحکومت کھلے عام پتنگوں کی خرید وفروخت متعلقہ حکام خاموش۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 16.02.2025

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "ریکوڈک سمیت دیگر میگا پروجیکٹس بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے ضامن "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ریکوڈک کا شمار دنیا کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر میں ہوتا ہے یہ منصوبہ ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ اس منصوبے سے ملک کے پسماندہ صوبے بلوچستان میں ترقی کا نیا باب کھلے گا اور ایک رپورٹ کے مطابق تقریباً 7ہزار 500افراد کو روزگار ملے گا۔ حکومتی اقدامات کے مطابق سال 2028میں منصوبے کی تکمیل کے بعد یہاں سے باقاعدہ تانبے اور سونے کے دیگر ذخائر کی دریافت کا کام شروع ہو جائے گا، ابھی پہلے مرحلے میں کام جاری ہے۔ ریکوڈک کے قریب نوکنڈی کے مقام پر 30ہزار نفوس پر مشتمل آبادی ہے اور یہاں کے محنت کشوں کی بڑی تعداد ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے حکومت نے نوکنڈی میں آبادلوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں جن میں اسپتال اسکول اور ٹیکنیکل سینٹر کی تعمیر شامل ہے، نوکنڈی کے انڈس اسپتال میں وہاں کے مکینوں کے لئے ہر ممکن سہولیات فراہم کی گئیں۔

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ نے "کان کن دہشتگردوں کے نشانے پر "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان نے "وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سرمائی کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائم کوئٹہ نے "Need of technical skill"کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "ہرنائی شاہرگ میں بارودی سرنگ دھاکہ 11افراد شہید"کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

**مضمون:**

روزنامہ جنگ نے "گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ تعمیروترقی کا اہم سنگ میل "کے عنوان سے فرخ شہزاد ملک کا مضمون شائع کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "مکران میڈیکل کالج تربت بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کا اہم ستون "کے عنوان سے اے اے بلوچ کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "وادی کوئٹہ کے آبی ذخائر اور بلوچستان حکومت کے قابل ستائش منصوبے "کے عنوان سے محمد نذیر نور کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 17 شعبان المعظم 1446ھ 16 فروری 2025ء صفحات 24 | شمارہ 231

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# دہشتگردی کیخلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہی ہوگی، سرفراز بگٹی

## پاکستان کیخلاف بیرون ملک سے منظم سوشل میڈیا نیٹ ورکس چلائے جا رہے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کی جارہی ہے' وزیراعلیٰ

## آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا سہارا لے کر نوجوانوں کو منفی سمت میں دھکیلا جارہا ہے، مذہب وقوم پرستی کے نام پر دہشتگردی میں کوئی فرق نہیں

## اگر کوئی پرتشدد راستے پر چلے گا تو ریاست اپنا کام کریگی سیاسی وانفرادی مفادات سے بالاتر ہوکر ریاست کا سوچنا ہوگا' لسبیلہ زرعی یونیورسٹی کے طلبہ سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی حالات سے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہئے تا کہ وہ حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ ........

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

میں لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو صوبے کی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تاریخ سے آگاہ ہونا ضروری ہے تا کہ وہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، درپیش چیلنجز اور حکومتی اقدامات کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے اس دور میں نوجوانوں پر سچائی جانچنے کی بھاری اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے بدقسمتی سے بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال، پرتشدد رویوں اور سوشل موبلائزیشن کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا جارہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ ریاست پاکستان کے خلاف بیرون ملک سے منظم سوشل میڈیا نیٹ ورکس چلائے جا رہے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کر کے انہیں ریاست مخالف بیانیے کا حصہ بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا موبلائزیشن کے ذریعے ریاست مخالف عناصر کی بھرتیاں کی جاتی ہیں، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا سہارا لے کر نوجوانوں کو منفی سمت میں دھکیلا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ جب انٹرنیٹ پر بلوچستان کو سرچ کیا جاتا ہے تو بلوچستان کے ساتھ تشدد کا تاثر دیا جاتا ہے جبکہ یہاں ہونے والی ترقی اور مثبت پہلو سرچ انجن میں اولین ترجیح کے طور پر ظاہر نہیں ہوتے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو ریاست کے خلاف ہونے والی سازشوں کا ادراک ہونا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذہب اور قوم پرستی کے نام پر کی جانے والی دہشت گردی میں کوئی فرق نہیں ہے اور ہمیں کنفیوژن سے نکل کر قومی یکجہتی کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف پوری قوت سے لڑنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں بدقسمتی سے سیاسی مفادات کی خاطر حقائق کے برعکس ریاست مخالف مقبول بیانیہ کو ترجیح دی جاتی ہے ہم سب کو سیاسی اور انفرادی مفادات سے بالاتر ہو کر ریاست کا سوچنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ اگر کوئی پرتشدد راستے پر چلے گا تو ریاست اپنا کام کرے گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی ملک اپنے شہریوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر ریاست توڑنے کی باتیں کرنے کی اجازت نہیں دیتا ریاست کی سلامتی سب سے زیادہ اہم ہے اور کسی بھی سیاسی یا انفرادی مفاد سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ غیر متوازن ترقی بلوچستان ہی نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے انہوں نے اعتراف کیا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی دہائیوں کے مسائل کو چند سالوں میں حل کرنا ایک مشکل چیلنج ہے مگر حکومت گڈ گورننس کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کوشاں ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں میرٹ پر نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں روز اول ہم نے یہ واضح کر دیا تھا اور اپنی بات پر قائم ہیں کہ بلوچستان میں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی صوبے کی تاریخ میں پہلی بار محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت میں شفاف بھرتیاں کی گئیں، جس کے نتیجے میں مند جیسے پسماندہ علاقے میں پہلی بار لیڈی ڈاکٹر تعینات ہوئی اور پشین میں ایک غریب سویپر کی بیٹی بطور ٹیچر منتخب ہوئی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ باصلاحیت ہیں اور حکومت ان کیلئے ترقی کے مواقع فراہم کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طالب علموں کے لئے صوبائی حکومت نے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھول دیئے ہیں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام بلوچستان سے شروع کیا گیا ہے جس کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ کے ذریعے میٹرک سے پی ایچ ڈی تک کے طلبہ کو تعلیمی وظائف دیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں بھی باصلاحیت ہیں اور خواتین انتظامی افسران نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنے علم، صلاحیت اور کردار کو ملک کی ترقی کیلئے بروئے کار لائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار سب سے اہم ہے اور حکومت اس حوالے سے ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی اس موقع پر طلبہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مختلف موضوعات پر سوالات بھی کئے جس پر میر سرفراز بگٹی نے تاریخی حقائق وحوالوں پر مشتمل تفصیلی جوابات دیئے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لسبیلہ یونیورسٹی کے طلباء اور فیکلٹی ممبران ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 66 | اتوار، 17 شعبان المعظم، 16 فروری 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# دہشتگردی کیخلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، وزیر اعلیٰ

## پرتشدد رویوں اور سوشل موبلائزیشن کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا اور منفی سمت میں دھکیلا جارہا ہے، سرفراز بگٹی

## تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دینگے، میرین یونیورسٹی طلباء و فیکلٹی ممبرز سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی حالات سے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہئے تاکہ وہ حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو صوبے کی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تاریخ سے آگاہ ہونا ضروری ہے تاکہ وہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، درپیش چیلنجز اور حکومتی اقدامات کو بہتر انداز میں سمجھ (باقی صفحہ 5 نمبر 27)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلباء اور فیکلٹی ممبران ملاقات کر رہے ہیں

سکیں انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے اس دور میں نوجوانوں پر سچائی جانچنے کی بھاری اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے بدقسمتی سے بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال، پرتشدد رویوں اور سوشل موبلائزیشن کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا جارہا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ ریاست پاکستان کے خلاف بیرون ملک سے منظم سوشل میڈیا نیٹ ورکس چلائے جارہے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کر کے انہیں ریاست مخالف بیانیے کا حصہ بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی ملک اپنے شہریوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر ریاست توڑنے کی باتیں کرنے کی اجازت نہیں دیتا ریاست کی سلامتی سب سے زیادہ اہم ہے اور کسی بھی سیاسی یا انفرادی مفاد سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ غیر متوازن ترقی بلوچستان ہی نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے انہوں نے اعتراف کیا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی دہائیوں کے مسائل کو چند سالوں میں حل کرنا ایک مشکل چیلنج ہے مگر حکومت گڈ گورننس کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں بھی باصلاحیت ہیں اور خواتین انتظامی افسران نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنے علم، صلاحیت اور کردار کو ملک کی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز اتوار، 16 فروری 2025ء بمطابق، 17 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 47


# نوجوان حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کو سمجھیں، میر سرفراز بگٹی

## بدقسمتی سے بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، وزیراعلیٰ

**مذہب وقوم پرستی کے نام پر دہشتگردی میں کوئی فرق نہیں، کوئی پرتشدد راستہ اختیار کرے گا تو ریاست اپنی ذمہ داری نبھائے گی، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلبہ نے ملاقات کی، جس میں وزیراعلیٰ نے نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی صورتحال سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بلوچستان کی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، درپیش چیلنجز اور حکومتی اقدامات پر تفصیل سے گفتگو کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے اس دور میں

بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

نوجوانوں پر سچائی جانچنے کی بھاری اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال اور پرتشدد رویوں کے ذریعے انہیں گمراہ کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بیرون ملک سے سوشل میڈیا نیٹ ورکس کے ذریعے ریاست مخالف سرگرمیاں چلائی جارہی ہیں، جس میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی شامل ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی افسوس کا اظہار کیا کہ انٹرنیٹ پر بلوچستان سے متعلق تلاش کیے گئے نتائج میں ترقی اور مثبت پہلوؤں کو اولین ترجیح نہیں دی جاتی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نوجوانوں کو ریاست مخالف سازشوں کا ادراک ہونا چاہیے اور مذہب وقوم پرستی کے نام پر دہشت گردی میں کوئی فرق نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ قومی یکجہتی کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حصہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مفادات کے لیے ریاست مخالف بیانیے کو فروغ دیا جارہا ہے جسے روکنا ضروری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر کوئی پرتشدد راستہ اختیار کرے گا تو ریاست اپنی ذمہ داری نبھائے گی، اور اس جنگ میں کامیابی ریاست کی ہی ہوگی۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں نہ بننے دینے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کی کوئی بھی حکومت ریاست مخالف سرگرمیوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر فروغ دینے کی اجازت نہیں دے سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست کی سلامتی ہر چیز سے زیادہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی غیر متوازن ترقی نہ صرف صوبے بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے اور ماضی کے مسائل کو چند سالوں میں حل کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے گڈ گورننس اور میرٹ پر روزگار کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی بار محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت میں میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں، جس کے نتیجے میں مند جیسے پسماندہ علاقے میں پہلی بار لیڈی ڈاکٹر تعینات ہوئی جبکہ پشین میں ایک غریب سوئپر کی بیٹی کو بطور ٹیچر تعینات کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ انتہائی باصلاحیت ہیں اور ان کے لیے ترقی کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام بلوچستان سے شروع کیا گیا ہے، جس کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ کے ذریعے میٹرک سے پی ایچ ڈی تک تعلیمی وظائف دیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین بھی باصلاحیت ہیں اور خواتین انتظامی افسران نے اپنی بہترین کارکردگی سے اپنی صلاحیتوں کو منوایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ تعلیم وترقی کی راہ پر گامزن رہیں اور بلوچستان کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 اتوار 16 فروری 2025ء بمطابق 17 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 47


…ی سے سیاسی مفادات کی خاطر حقائق کے برعکس ریاست مخالف مقبول بیانیے کو ترجیح دی جاتی ہے سب کو ریاست کا ساتھ دینا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان

# نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی سازش ہو رہی ہے

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

…ون ملک سے منظم …ل میڈیا نیٹ ورک …لائے جارہے ہیں

## …ب اور قوم پرستی کے نام پر کی جانیوالی دہشت گردی میں کوئی فرق نہیں، ہمیں کنفیوژن سے نکل کر قومی یکجہتی کے ذریعے دہشت گردی کیخلاف پوری قوت سے لڑنا ہوگا

…کوئی بھی ملک اپنے شہریوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر ریاست توڑنے کی باتیں کرنے کی اجازت نہیں دیتا، میر سرفراز بگٹی کی لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران گفتگو

…(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے …ہے کہ نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی حالات سے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہیے تاکہ وہ حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلبہ اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو صوبے کی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تاریخ سے آگاہ ہونا ضروری ہے تاکہ وہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، درپیش چیلنجز اور حکومتی اقدامات کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے اس دور میں نوجوانوں پر سچائی جانچنے کی بھاری اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے بدقسمتی سے بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال، پرتشدد رویوں اور سوشل موبلائزیشن کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ ریاست پاکستان کے خلاف بیرون ملک سے منظم سوشل میڈیا نیٹ ورکس چلائے جا رہے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کر کے انہیں ریاست مخالف بیانیے کا حصہ بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا موبلائزیشن کے ذریعے ریاست مخالف عناصر کی بھرتیاں کی جاتی ہیں، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا سہارا لے کر نوجوانوں کو منفی سمت میں دھکیلا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ جب انٹرنیٹ پر بلوچستان کو سرچ کیا جاتا ہے تو بلوچستان کے ساتھ تشدد کا تاثر دیا جاتا ہے جبکہ یہاں ہونے والی ترقی اور مثبت پہلو سرچ انجن میں اولین ترجیح کے طور پر ظاہر نہیں ہوتے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو ریاست کے خلاف ہونے والی سازشوں کا ادراک ہونا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذہب اور قوم پرستی کے نام پر کی جانے والی دہشت گردی میں کوئی فرق نہیں ہے اور ہمیں کنفیوژن سے نکل کر قومی یکجہتی کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف پوری قوت سے لڑنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں بدقسمتی سے سیاسی مفادات کی خاطر حقائق کے برعکس ریاست مخالف مقبول بیانیے کو ترجیح دی جاتی ہے ہم سب کو سیاسی اور انفرادی مفادات سے بالاتر ہو کر ریاست کا سوچنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ اگر کوئی پرتشدد راستے پر چلے گا تو ریاست اپنا کام کرے گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی ملک اپنے شہریوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر ریاست توڑنے کی باتیں کرنے کی اجازت نہیں دیتا ریاست کی سلامتی سب سے زیادہ اہم ہے اور کسی بھی سیاسی یا انفرادی مفاد سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ غیر متوازن ترقی بلوچستان ہی نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے انہوں نے اعتراف کیا کہ بلوچستان میں گزشتہ کئی دہائیوں کے مسائل کو چند سالوں میں حل کرنا ایک مشکل چیلنج ہے مگر حکومت گڈ گورننس کے ذریعے عوامی مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کوشاں ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں میرٹ پر نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں روز اول ہم نے یہ واضح کر دیا تھا اور اپنی بات پر قائم ہیں کہ بلوچستان میں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی صوبے کی تاریخ میں پہلی بار محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت میں شفاف بھرتیاں کی گئیں، جس کے نتیجے میں مند جیسے پسماندہ علاقے میں پہلی بار لیڈی ڈاکٹر تعینات ہوئی اور پشین میں ایک غریب سوئپر کی بیٹی بطور لیکچرر منتخب ہوئی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ باصلاحیت ہیں اور حکومت ان کے لیے ترقی کے مواقع فراہم کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طالب علموں کے لئے صوبائی حکومت نے اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھول دیئے ہیں پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکالرشپ پروگرام بلوچستان سے شروع کیا گیا ہے، جس کے تحت بینظیر بھٹو اسکالرشپ کے ذریعے میٹرک سے پی ایچ ڈی تک کے طلبہ کو تعلیمی وظائف دیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں بھی باصلاحیت ہیں اور خواتین انتظامی افسران نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ منفی پروپیگنڈے سے دور رہیں اور اپنے علم، صلاحیت اور کردار کو ملک کی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار سب سے اہم ہے اور حکومت اس حوالے سے ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی اس موقع پر طلبہ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مختلف موضوعات پر سوالات بھی کیے جس پر میر سرفراز بگٹی نے تاریخی حقائق اور حوالوں پر مشتمل تفصیلی جوابات دیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلباء اور فیکلٹی ممبران ملاقات کر رہے ہیں


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | اتوار 16 فروری 2025ء 17 شعبان المعظم 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 47


# تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دیں گے

**وزیر اعلیٰ بلوچستان**

## نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی حالات سے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہیے تاکہ وہ حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کر سکیں

## اگر کوئی پرتشدد راستے پر چلے گا تو ریاست اپنا کام کرے گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو عالمی، قومی اور علاقائی حالات سے مکمل آگاہی حاصل ہونی چاہیے تاکہ وہ حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں لسبیلہ زرعی یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے طلباء اور فیکلٹی ممبران سے ملاقات کے دوران کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو صوبے کی سیاسی، سماجی اور جغرافیائی تاریخ سے آگاہ ہونا ضروری ہے تاکہ وہ بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں، درپیش چیلنجز اور حکومتی اقدامات کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے اس دور میں نوجوانوں پر سچائی جانچنے کی بھاری اخلاقی ذمہ داری عائد ہوتی ہے بدقسمتی سے بے بنیاد پروپیگنڈوں کے ذریعے نوجوانوں کو ریاست سے دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال، پرتشدد رویوں اور سوشل موبلائزیشن کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ ریاست پاکستان کے خلاف بیرون ملک سے منظم سوشل میڈیا نیٹ ورکس چلائے جا رہے ہیں جن کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کر کے انہیں ریاست مخالف بیانیے کا حصہ بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا موبلائزیشن کے ذریعے ریاست مخالف عناصر کی بھرتیاں کی جاتی ہیں، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا سہارا لے کر نوجوانوں کو منفی سمت میں دھکیلا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ جب انٹرنیٹ پر بلوچستان کو سرچ کیا جاتا ہے تو بلوچستان کے ساتھ تشدد کا تاثر دیا جاتا ہے جبکہ یہاں ہونے والی ترقی اور مثبت پہلو سرچ انجن میں اولین ترجیح کے طور پر ظاہر نہیں ہوتے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نوجوانوں کو ریاست کے خلاف ہونے والی سازشوں کا ادراک ہونا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذہب اور قوم پرستی کے نام پر کی جانے والی دہشت گردی میں کوئی فرق نہیں ہے اور ہمیں کنفیوژن سے نکل کر قومی یکجہتی کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف پوری قوت سے لڑنا ہوگا انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں بدقسمتی سے سیاسی مفادات کی خاطر حقائق کے برعکس ریاست مخالف مقبول بیانیہ کو ترجیح دی جاتی ہے ہم سب کو سیاسی اور انفرادی مفادات سے بالاتر ہو کر ریاست کا سوچنا ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان نے خبردار کیا کہ اگر کوئی پرتشدد راستے پر چلے گا تو ریاست اپنا کام کرے گی انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جیت ریاست کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو ریاست مخالف عناصر کی نرسریاں بننے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ دنیا کا کوئی بھی ملک اپنے شہریوں کو سڑکوں پر بیٹھ کر ریاست توڑنے کی باتیں کرنے کی اجازت نہیں دیتا ریاست کی سلامتی سب سے زیادہ اہم ہے اور کسی بھی سیاسی یا انفرادی مفاد سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ غیر متوازن ترقی بلوچستان ہی نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔

# CM stresses importance of national unity in fight against terrorism



**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that the youth should be fully aware of the global, national and regional situations so that they can differentiate between reality and propaganda.

He expressed these views, while meeting the students and faculty *members of Lasbela Agricultural University of Agriculture, Water and Marine Sciences here at the Chief Minister Secretariat on Saturday. The Chief Minister of Balochistan said that the youth must be aware of the political, social and geographical history of the province so that they can better understand the ongoing development projects in Balochistan, challenges faced and the government's initiatives.*

*He said that in this era of artificial* intelligence, the youth have a heavy moral responsibility to check the truth. Unfortunately, an attempt is being made to distance the youth from the state through baseless propaganda, while the youth are being misled through negative use of social media, violent attitudes and social mobilization. The Chief Minister of Balochistan warned that the state social media networks organized from abroad are being run against Pakistan, through which the minds of the youth are being shaped and they are being made part of the anti-state narrative. He said that anti-state elements are being recruited through social media mobilization, and the youth are being pushed in a negative direction with the help of artificial intelligence. He said that when Balochistan is searched on the internet [illegible] impression of violence against Balochistan is given, while the development and positive aspects happening here do not appear as top priority in the search engine. The Chief Minister of Balochistan said that the youth should be aware of the conspiracies against the state. He clarified that there is no difference between terrorism committed in the name of religion and nationalism and we have to come out of the confusion and fight against terrorism with full force through national unity. He said that unfortunately, in our country, the popular anti-state narrative is preferred against the facts for the sake of political interests. We all have to think of the state above political and individual interests. He warned that if anyone follows the path of violence, the state [illegible] *He said that the victory in the war against terrorism will be the state.* Bugti said that educational institutions will not be allowed to become nurseries of anti-state elements. He said that no country in the world allows its citizens to sit on the streets and talk about breaking the state. The security of the state is the most important and is more important than any political or individual interest. He said that unbalanced development is not only the problem of Balochistan but of the whole of Pakistan. He admitted that solving the problems of the past several decades in Balochistan in a few years is a difficult challenge, but the government is good. Bugti is working hard to solve public problems through governance. He said that employment opportunities are being provided to the youth on merit in the province.

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 FEB 2025 Page No. 14

# پیپلز پارٹی اراکین صوبائی اسمبلی کا وزیراعلیٰ بلوچستان پر مکمل اعتماد کا اظہار

کراچی میں منعقدہ اجلاس کے دوران پی پی اراکین نے صوبائی حکومت کے بارے میں شکوے و شکایات اور اپنے تحفظات کا اظہار کیا

رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج کو وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر زراعت کے درمیان صلح و ملاقاتوں کا ٹاسک دے دیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے پارلیمنٹیرین اراکین صوبائی اسمبلی میں پارٹی کے سینئر عہدیداروں رہنماؤں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پر اعتماد کا اظہار کر دیا گزشتہ روز بلاول ہاؤس......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی میں پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور اور اعجاز جاکھرانی کی قیادت میں منعقد ہونے والے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان اور علی حسن زہری کے اختلافات کا ڈراپ سین ہو گیا پیپلز پارٹی بلوچستان کے ارکان پارلیمنٹ کی اکثریت نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پر اعتماد کا اظہار کیا ذرائع بلاول ہاؤس کراچی میں فریال تالپور سے اراکین نے الگ الگ گروپس کی شکل میں ملاقاتیں کیں اس دوران ارکان نے صوبائی حکومت کے بارے میں شکوے وشکایات اور اپنے تحفظات کا اظہار کیا ارکان پارلیمنٹ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا فریال تالپور نے رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج کو وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر زراعت علی حسن کے درمیان صلح کا ٹاسک دیا ہے ذرائع کے مطابق ملک شاہ گورگیج جلد دونوں رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

| | | |
|---|---|---|
| DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN | | نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ<br>حکومت بلوچستان |

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 16 FEB 2025 Page No. 16


## صوبائی دارالحکومت میں کھلے عام پتنگوں کی خرید و فروخت، متعلقہ حکام خاموش

**جمعے اور ہفتے کو دن بھر پتنگیں اڑائی جاتی رہیں، مختلف علاقوں میں ہوائی فائرنگ، ڈی آئی جی کوئٹہ سے کارروائی کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں پابندی کے باوجود بسنت منائی جا رہی ہے، نوجوانوں نے انتظامیہ کے پابندی کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے، من چلے نوجوان دن بھر پتنگ بازی کرتے رہے پتنگیں آن لائن بھی فروخت ہوتی رہیں، تفصیلات کے مطابق انتظامیہ نے پتنگ اڑانے کی پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کیا تھا جسے من چلے نوجوانوں نے ہوا میں اڑا دیا، جمعے اور ہفتے کے روز منچلے نوجوان پتنگ بازی کرتے رہے اور فضا بوکاٹا کے نعروں سے گونجتی رہی جبکہ بسنت کی آڑ میں کئی مقامات پر ہوائی فائرنگ بھی ہوئی دوسری جانب دن بھر شہر کے وسطی و نواحی علاقوں میں کھلے عام اور نواحی علاقوں میں چوری چھپے پتنگیں فروخت ہوتی رہیں اور انتظامیہ منچلے نوجوانوں کے سامنے بے بس نظر آئی عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی ملی بھگت کے ساتھ پتنگوں کی خرید و فروخت جاری ہے انہوں نے ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا سے مطالبہ کیا کہ پتنگوں کی خرید و فروخت پر پابندی کے احکامات پر عملدرآمد کروایا جائے۔

## مستونگ: لاپتہ نوجوان کے اہل خانہ کا قومی شاہراہ پر دھرنا، مسافروں کو مشکلات

**صبح 8 بجے سے روڈ بند، انتظامیہ سے مذاکرات ناکام، کامران احمد کی بازیابی تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان**

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ میں میجر چوک سے 18 سالہ نوجوان کامران محمد شہی کی اغوا نما گرفتاری اور لاپتہ کیے جانے کے خلاف اہل خانہ نے اسکی بحفاظت بازیابی کیلئے قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا۔ اہل خانہ کے مطابق مستونگ میں جمعرات کو نامعلوم گاڑی سواروں نے کلی عزیز آباد کے رہائشی حاجی میر احمد محمد شہی کے بیٹے کامران احمد کو اپنے ساتھ لے گئے جس کے بعد سے نوجوان تاحال لاپتہ ہے، نوجوان کی باحفاظت بازیابی کیلئے والدین اہل خانہ بلوچ یکجہتی کمیٹی سیاسی رہنماؤں اور اہل علاقہ نے صبح 8 بجے سے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بلاک کر کے خواتین نے روڈ پر دھرنا دیا جو تاحال جاری ہے، مظاہرین سے انتظامیہ نے مذاکرات کئے جو ناکام رہے۔ تاہم مظاہرین نے نوجوان کی بازیابی تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری جانب روڈ بلاک سے گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 FEB 2025 Page No. 17


## کان کن دہشتگردوں کے نشانے پر

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی کی وارداتیں ایک بار پھر ماضی کی طرح ایسا رخ اختیار کر رہی ہیں جس میں مختلف شعبوں اور پیشوں کے لوگوں کی ہراسانی کا پہلو مضمر ہے۔ عام غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اس کی تازہ مثال بلوچستان کے ضلع ہرنائی میں گاڑی دھماکے کے ایک واقعہ میں 11 کان کنوں کی شہادت ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جمعہ کے روز کانوں میں چھٹی ہونے کے باعث کان کن اور مزدور ضروری اشیاء کی خریداری وغیرہ کے لیے بازار جاتے ہیں۔ مذکورہ دھماکے کا نشانہ بننے والے مزدور بھی خریداری کے سلسلے میں بازار جارہے تھے کہ تحصیل شاہرگ کے علاقے ناکری میں ان کی گاڑی دہشت گردوں کی بچھائی بارودی سرنگ سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 11 مزدور جاں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ صدر آصف زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے متاثرہ خاندانوں سے افسوس اور یکجہتی کرتے ہوئے کہا ہے کہ غریب مزدوروں کے قاتلوں کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور صوبے میں کسی صورت امن وامان خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جاں بحق اور زخمی ہونے والے کان کنوں کا تعلق سوات شانگلہ سمیت خیر پختونخوا کے مختلف علاقوں سے ہے۔ قبل ازیں بھی ضلع ہرنائی میں بم دھماکوں، سیکورٹی فورسز پر حملوں سمیت سنگین بدامنی کے واقعات پیش آتے رہے ہیں۔ شاہرگ اور ہرنائی کے دیگر علاقوں میں بڑی تعداد میں کوئلہ کانیں ہیں جن میں ہزاروں کان کن اور مزدور کام کرتے ہیں۔ کوئلہ کانوں کے علاوہ یہ علاقہ سبزیوں کی پیداوار کے حوالے سے مشہور ہے۔ ماضی کے مقابلے میں اب یہاں حالات میں بہتری آئی تھی۔ تازہ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ دہشتگرد کسی رو رعایت کے مستحق نہیں۔ انہیں عبرت کا نشان بنایا جانا چاہیے۔ اندرونی اور بیرونی شرپسند ہماری سلامتی کے در پے ہیں ان کی بیخ کنی کے لیے پوری قوم کو یکسو ہو کر کمربستہ ہونا چاہیے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: میزان کوئٹہ

Bullet No. 6 Dated: 16 FEB 2025 Page No. 18

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کی دعوت!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان ملک کا واحد صوبہ ہے جہاں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے برابر ہیں۔اس کے صرف ایک شہر حب میں کچھ فیکٹریاں اور صنعتیں ہیں اس کے علاوہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت اہم شہروں میں فیکٹریاں اور صنعتیں نہیں ہیں۔جس کی وجہ سے یہ صوبہ ملک کے دیگر صوبوں سے پیچھے ہے حالانکہ بلوچستان واحد صوبہ ہے جو قدرتی معدنیات سے مالا مال ہے یہاں مختلف شعبوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی سہولتیں ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کے باوجود یہاں سرمایہ کاری سرمایہ کار کرنے سے کتراتے ہیں اگر صوبے میں سرمایہ کاری کی جائے تو اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ویڈیو لنک کے ذریعے بلوچستان سٹریٹجی سمٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو کے تحت ہر سہولت فراہم کی جائے گی اور کوئی بیوروکریٹ رکاوٹ یا ریڈ ٹیپنگ نہیں ہوگی۔سرمایہ کار آئیں حکومت انہیں زمین دے گی اور تمام بنیادی سہولیات فراہم کرے گی۔محدود ترقیاتی وسائل کیساتھ پاکستان کے 43فیصد رقبے پر مشتمل بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔بیشتر مسائل ترقیاتی منصوبوں پی ایس ڈی پی کی مینجمنٹ کی وجہ سے ہیں اور پی ایس ڈی پی بک پر پی ایچ ڈی کی جاسکتی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کی دعوت اور ان کو ہر ممکن سہولتوں کی فراہمی کا کہنا بلاشبہ ایک قابل تعریف اقدام ہے۔ان کا یہ اقدام اس بات کی غمازی کرتا ہے وہ بلوچستان میں پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتوں کارخانوں اور دیگر کاروبار کا فروغ چاہتے ہیں۔جس سے صوبہ ترقی کر کے ملک کے دیگر ترقی یافتہ صوبوں کے برابر آسکتا ہے۔اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان بڑی محنت کر رہے ہیں۔انہوں نے اپنے حالیہ مذکورہ خطاب میں تمام پوزیشن واضح کردی ہے اس میں انہوں نے سرمایہ کاروں کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ دیگر مراعات بھی فراہم کرنے کی بات کی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 FEB 2025 Page No. 20


## ریکوڈک سمیت دیگر میگا پروجیکٹس بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے ضامن!

ریکوڈک کا شمار دنیا کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر میں ہوتا ہے، یہ منصوبہ ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔اس منصوبے سے ملک کے پسماندہ صوبے بلوچستان میں ترقی کا نیا باب کھلے گا اور ایک رپورٹ کے مطابق تقریباً 7 ہزار 500افراد کو روزگار ملے گا۔حکومتی اقدامات کے مطابق سال2028 میں منصوبے کی تکمیل کے بعد یہاں سے باقاعدہ تانبے اور سونے کے دیگر ذخائر کی دریافت کا کام شروع ہوجائے گا، ابھی پہلے مرحلے میں کام جاری ہے۔ ریکوڈک کے قریب نوکنڈی کے مقام پر30 ہزار نفوس پر مشتمل آبادی ہے اور یہاں کے محنت کشوں کی بڑی تعداد ریکوڈک منصوبے کی تکمیل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے۔ حکومت نے نوکنڈی میں آباد لوگوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں جن میں اسپتال ،اسکول اور ٹیکنکل سینٹر کی تعمیر شامل ہے۔نوکنڈی کے انڈس اسپتال میں وہاں کے مکینوں کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کی گئیں ہیں۔اسپتال کے عملے کے مطابق یہاں چوبیس گھنٹے بغیر کسی ناغے کے یومیہ ہزاروں لوگوں کو طبی امداد فراہم کی جاتی ہے۔اس کے علاوہ نوکنڈی میں ہنر فاؤنڈیشن کی جانب سے خواتین کیلئے ایک انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا ہے جہاں خواتین کو ہنرمند بنا کر معاشرے کا ایک کارآمد شہری بنایا جارہا ہے۔ ریکوڈک انتظامیہ کی جانب سے مقامی لوگوں کو ملازمتیں اور سہولیات فراہم کرنے کیلئے موثر پالیسی بنائی گئی ہے جس سے مقامی افراد کو زیادہ فائدہ پہنچے گا۔بلوچستان میں دیگر اہم منصوبے بھی چل رہے ہیں جن سے بلوچستان کو براہ راست فائدہ پہنچانے کیلئے قومی معاشی پالیسی کے ذریعے صوبے میں بنیادی سہولیات، روزگار، انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے حکمت عملی مرتب کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ملک کا بڑا صوبہ بھی خوشحالی اور ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے۔ بلوچستان میں تعلیم ،صحت سمیت دیگر انسانی ضروریات کے منصوبوں کو ترجیح دی جائے تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل روشن اور تابناک ہو۔ ماضی میں بلوچستان کو نظر انداز کیا گیا ،محرومی اور پسماندگی اس کے اسباب بنے ،اب وفاقی اور بلوچستان حکومت کی مشترکہ کاوشوں سے بلوچستان میں معاشی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی جیسے اہم اقدامات نظر آرہے ہیں۔ امید ہے کہ ریکوڈک پروجیکٹ سمیت دیگر منصوبوں سے بلوچستان کے عوام کو فائدہ پہنچایا جائے گا اور بلوچستان کے محاصل میں بھی اضافہ کیا جائے گا تاکہ بلوچستان حکومت کے خزانے میں رقم آسکے جس سے صوبائی حکومت بھی اپنے عوام کیلئے نئے منصوبوں کا آغاز کرسکے۔

CS CamScanner

# Need of technical skill

In an era defined by rapid technological advancements and a dynamic global economy, technical education has emerged as a cornerstone of individual and societal progress. No longer a secondary option, it stands as a vital pathway to empower individuals with practical skills, drive innovation, and fuel economic growth.

It is good that the Balochistan government has released this reality and is taking steps to provide technical skills to its youth in various fields to produce high-quality technical human resources in the province. The province seriously lacks trained youth keeping in view its vast mineral resources and potential in different sectors.

Balochistan, Pakistan's largest and esource-rich province, stands at a crossoads. While it holds immense potential for conomic growth and prosperity, it also aces challenges, including a high unemployment rate among its youth. To unlock Balochistan»s true potential, it is imperative o empower its youth with the technical skills they need to succeed in the 21st-century workforce. Technical skills education and training play a pivotal role in bridging the gap between the skills employers demand and those possessed by job seekers. By equipping Balochistan's youth with the requisite technical knowledge and practical competencies, we can enable them to secure meaningful employment, contribute to the province's economic development, and lead fulfilling lives. Investing in technical skills development is not just about economic growth; it is also an investment in the social fabric of Balochistan. By providing youth with opportunities for advancement and self-sufficiency, we can reduce poverty, promote social mobility, and foster a more equitable society. The benefits of technical skills education are evident across various sectors. In the agricultural sector, technical training can enhance productivity, improve crop yields, and introduce modern farming techniques. In the construction sector, skilled masons, electricians, and plumbers are in high demand. The healthcare sector requires qualified technicians to operate and maintain medical equipment and assist in patient care. To effectively address Balochistan's youth unemployment challenge, a comprehensive and multi-faceted approach is needed. This approach should involve collaboration between the government, educational institutions, the private sector, and non-governmental organizations. The government should play a leading role in establishing and funding technical training centers across the province, ensuring access to quality education for all youth, regardless of their socioeconomic background. Educational institutions should adapt their curricula to align with industry needs and provide hands-on training opportunities. The private sector should actively engage in skills development initiatives, partnering with educational institutions to provide apprenticeships, internships, and job placements. Non-governmental organizations can play a crucial role in outreach, community engagement, and providing support services to students.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 16 FEB 2025

Page No. 22

# مکران میڈیکل کالج تربت۔ بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کا اہم ستون

تحریر: اے اے بلوچ

مکران میڈیکل کالج (ایم ایم سی) بلوچستان کے ضلع کیچ کے شہر تربت میں واقع ایک نمایاں طبی اور تعلیمی ادارہ ہے، جسے 2017 میں حکومت بلوچستان کی جانب سے قائم کیا گیا تھا۔ اس ادارے کا قیام بلوچستان کے جنوبی علاقوں میں طبی تعلیم کے فروغ اور صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے ایک انقلابی قدم تھا۔ کالج کا مقصد ایسے ہنر مند اور تربیت یافتہ ڈاکٹروں کو تیار کرنا ہے جو نہ صرف مقامی آبادی بلکہ ملک بھر میں صحت کی ضروریات کو پورا کر سکیں۔

بلوچستان، جو پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا لیکن سب سے کم ترقی یافتہ صوبہ ہے، ہمیشہ سے معیاری طبی تعلیم اور صحت کی سہولیات کی کمی کا شکار رہا ہے۔ مکران میڈیکل کالج کے قیام سے قبل، مکران ڈویژن کے طلبہ کو طبی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کوئٹہ یا ملک کے دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا۔ یہ نہ صرف مہنگا تھا بلکہ بہت سے طلبہ کے لیے ممکن بھی نہیں تھا۔ اس کالج نے مقامی طلبہ کو اپنے علاقے میں طبی تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا، جس سے ان کے خوابوں کی تعبیر آسان ہوگئی۔ کالج کا انفراسٹرکچر جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ یہاں کشادہ اور آرام دہ لیکچر ہالز موجود ہیں، جو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہیں اور طلبہ کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرتے ہیں۔ کالج میں مختلف طبی مضامین کے لیے مخصوص لیبارٹریز موجود ہیں، جہاں طلبہ کو عملی تربیت دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، کالج کی لائبریری ایک وسیع ذخیرہ کتب، تحقیقی جرائد اور ڈیجیٹل مواد پر مشتمل ہے، جو طلبہ کو تحقیق اور مطالعہ میں مدد فراہم کرتی ہے۔ مکران میڈیکل کالج کے ساتھ منسلک ٹیچنگ اسپتال تربت، طلبہ کی کلینیکل ٹریننگ کے لیے ایک اہم مرکز ہے۔ یہ اسپتال نہ صرف طلبہ کو حقیقی طبی تجربہ فراہم کرتا ہے بلکہ مقامی آبادی کو معیاری طبی سہولیات بھی فراہم کرتا ہے۔ اسپتال میں جدید تشخیصی اور علاج کے آلات موجود ہیں، جو نہ صرف طلبہ کی تربیت بلکہ مریضوں کے علاج کے لیے بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ کالج میں پانچ سالہ بیچلر آف میڈیسن، بیچلر آف سرجری (ایم بی بی ایس) پروگرام پیش کیا جاتا ہے، جو قومی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ کالج کے نصاب میں طبی علوم کے بنیادی مضامین، کلینیکل مہارتیں اور اخلاقی تربیت شامل کی گئی ہیں، جو طلبہ کو مکمل طور پر پیشہ ورانہ طور پر تیار کرتے ہیں۔ کالج کے ماہر اور تجربہ کار اساتذہ طلبہ کی نظریاتی اور عملی تربیت پر خاص توجہ دیتے ہیں اور ان کی رہنمائی کے لیے ہمیشہ موجود رہتے ہیں۔ مکران میڈیکل کالج نے بلوچستان کے صحت کے شعبے پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں اور صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ کالج کی انتظامیہ وقتاً فوقتاً مختلف سیمینارز، ورکشاپس اور طبی کیمپس کا انعقاد کرتی ہے، جن کے ذریعے نہ صرف طلبہ بلکہ مقامی لوگوں کو بھی صحت کے مسائل کے بارے میں آگاہی فراہم کی جاتی ہے۔ کالج کو اب بھی کئی چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں وسائل کی بروقت رسائی، ماہرین کی محدود دستیابی، اور تحقیق کے مواقع کا فقدان شامل ہیں مگر ان تمام چیلنجز کے باوجود حکومت بلوچستان ان مسائل کو حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ کالج کے مستقبل کے منصوبوں میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامز کا آغاز، تحقیق کے شعبے میں ترقی، اور اسپتال کی مزید توسیع شامل ہیں۔ مکران میڈیکل کالج خطے کے طلبہ کے لیے ایک روشن مستقبل کی امید ہے۔ اس نے نہ صرف تعلیمی میدان میں بلکہ صحت کے نظام کو مضبوط بنانے میں بھی ایک نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ یہ ادارہ مقامی طلبہ کو اپنے علاقے میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے اور انہیں بہتر طبی ماہرین بننے کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ یہ ادارہ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی میں ایک اہم ستون بن چکا ہے۔ حکومت بلوچستان کی سرپرستی کی وجہ سے یہ کالج نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے بہترین طبی اداروں میں شمار کیا جاتا ہے۔ مکران میڈیکل کالج ایک ایسا ادارہ ہے جو بلوچستان کے صحت کے شعبے میں ترقی کے لیے ایک روشن مثال ہے اور آنے والے وقتوں میں مزید کامیابیاں حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6 Dated: 16 FEB 2025 Page No. 23


# پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار سوئی کا معاہدہ سوئی میں طے پایا


تحریر: شیخ عبدالرزاق


بلوچستان کی پسماندگی کا ذکر ہمیشہ ترقیاتی منصوبوں کی عدم تکمیل اور ناانصافیوں کے ساتھ جڑا رہا ہے، مگر گزشتہ روز سوئی میں ہونے والا پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے ساتھ معاہدہ اس تاریکی میں امید کی ایک کرن ثابت ہوسکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں کیے گئے اس معاہدے کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ روایتی بند کمروں کے معاہدوں کے برعکس عوامی سطح پر ہوا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد بلوچستان، خاص طور پر سوئی اور اس کے گردونواح کے عوام کو وہ حقوق دینا ہے، جو انہیں گزشتہ کئی دہائیوں سے نہیں دیے گئے وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر میں کچھی کینال کا خاص طور پر ذکر کیا، جو کہ بلوچستان کے زراعتی مستقبل کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ 2013 میں جب وہ بلوچستان اسمبلی کے رکن بنے، تو انہوں نے اس منصوبے کو "ڈیڈ ہارس" قرار دیتے ہوئے وفاقی حکومت سے اس پر توجہ دینے کی درخواست کی۔ 2017 میں اس منصوبے سے بلوچستان میں خوشحالی کی ایک نئی لہر دوڑی، مگر 2022 کے تباہ کن سیلابوں نے اس ترقی کے راستے کو ایک بار پھر روک دیا۔ اب جبکہ دوبارہ اس منصوبے کی بحالی اور اس کے دوسرے و تیسرے فیز کی تکمیل کا مطالبہ کیا جا رہا ہے پی پی ایل کے ساتھ کیا گیا معاہدہ روایتی معاہدوں سے مختلف نظر آتا ہے۔ اس کی شفافیت اور عوامی سطح پر انعقاد ایک نئی روایت قائم کرتا ہے، جو کہ بلوچستان میں ترقیاتی معاہدوں کے حوالے سے ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس معاہدے کو بلوچستان کے عوام کے لیے ایک "تاریخی دن" قرار دیا، کیونکہ اس سے قبل ایسے معاہدے خفیہ رکھے جاتے تھے، اور اس کا فائدہ صرف چند مخصوص افراد کو پہنچتا تھا وزیر اعلیٰ نے تعلیم کے شعبے میں اصلاحات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پی پی ایل ہر سال 50 بچوں کو لارنس کالج اور حسن ابدال کالج میں تعلیم دلوائے گا۔ یہ ایک نہایت خوش آئند اقدام ہے، مگر اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ بلوچستان کے تعلیمی نظام کی زبوں حالی کی بنیادی وجہ حکومتی عدم دلچسپی رہی ہے۔ اگر ماضی میں ایسے اقدامات کیے جاتے تو آج شاید بگٹی قبیلے سے تعلق رکھنے والے افراد نہ صرف پی پی ایل بلکہ دیگر اہم قومی اداروں میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوتے۔ وزیر اعلیٰ نے پی پی ایل کے تعاون سے ہر سال 14 مقامی ڈپلومہ ہولڈرز اور 17 انجینئرز کی بھرتی کا اعلان کیا، جس میں کسی بھی قسم کی سفارش کو مسترد کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے۔ اگر یہ وعدہ عملی جامہ پہن لیتا ہے، تو یہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک بہترین موقع ہوگا۔ اسی طرح سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو سعودی عرب اور جرمنی بھیجنے کا اعلان بھی ایک مثبت اقدام ہے۔ سوئی ماڈل سٹی کا اعلان درحقیقت ایک دیرینہ خواب ہے، جو اب شرمندہ تعبیر ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت سڑکوں، سیوریج سسٹم، اسٹریٹ لائٹس، پارکس، اور دیگر شہری سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے گیس فلیئرنگ کا مسئلہ سوئی کے عوام کے لیے ایک دیرینہ مسئلہ رہا ہے، جو نہ صرف ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنتا ہے بلکہ مقامی لوگوں کی صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ اس مسئلے کے حل کے لیے گیس فلیئر کو 10 کلومیٹر دور منتقل کیا جائے گا، جو کہ ایک مثبت قدم ہے، مگر اس منصوبے کے عملی نفاذ کے لیے واضح ٹائم لائنز اور مستقل نگرانی کی ضرورت ہوگی پی پی ایل کے ریٹائرڈ ملازمین کی بحالی کا اعلان یقیناً ان افراد کے لیے ایک خوشخبری ہے، جو کئی سالوں سے ملازمت کے انتظار میں تھے وزیر اعلیٰ نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ تقریب میں قومی ترانہ نہیں بجایا گیا۔ یہ ایک چھوٹی سی مگر نہایت اہم بات ہے، جو ہماری تقریبات میں قومی تشخص کو اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔ بلوچستان میں احساسِ محرومی کو ختم کرنے کے لیے جہاں معاشی ترقی ضروری ہے، وہیں قومی یکجہتی کا فروغ بھی ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی تقریر اور پی پی ایل کے ساتھ ہونے والا معاہدہ بلاشبہ ایک تاریخی پیش رفت ہے، جو اگر ایمانداری اور دیانت داری سے نافذ العمل ہو تو بلوچستان کے عوام کی تقدیر بدل سکتا ہے۔

